# تہور رانا کی حوالگی کا کریڈٹ لینے کی مچی ہوڑ، کانگریس کا سخت ردعمل

## پی ایم مودی کو کریڈٹ دینے والوں کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ داؤد ابراہیم، ڈیوڈ ہیڈلی، وجے مالیا وغیرہ کی حوالگی میں ناکامی کا ذمہ دار کس کو ٹھہرایا جائے: پون کھیرا، میں بی جے پی کے ترجمانوں کو سنجیدگی سے نہیں لیتا: پی چدمبر





نئی دہلی۔(ایجنسی)۔ 26/11 میں ممبئی حملے کے ماسٹر مائنڈ تہور رانا کے ہندوستان حوالگی کا کریڈٹ لینے کے لیے سیاسی حلقوں میں بیان بازی جاری ہے۔ایک طرف حکمراں جماعت کے لوگ تہور رانا کی حوالگی کے لیے مودی حکومت کی تعریف کر رہے ہیں، تو دوسری جانب اپوزیشن لیڈران اس کا کریڈٹ 2009 کی اس وقت کی یو پی اے حکومت کو دے رہے ہیں۔کانگریس نے کہا ہے کہ تہور رانا کی حوالگی کا کریڈٹ لینے کی دوڑ میں شامل لوگوں کو یہ بھی بتانا چاہئے کہ داؤد ابراہیم اور دیگر دہشت گردوں کی حوالگی میں ناکامی کا ذمہ دار کون ہے۔پارٹی نے کہا کہ اگرچہ تہور رانا کی حوالگی کا کریڈٹ وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت کو دیا جا رہا ہے اور کریڈٹ لینے کی ہوڑ مچی ہوئی ہے،لیکن سچ یہ ہے کہ یہ ایک طویل عمل کا حصہ ہے،متحدہ ترقی پسند اتحاد (یو پی اے) حکومت نے نہ صرف اس کا آغاز کیا بلکہ اس عمل کو تیز بھی کیا،لیکن اب مسٹر مودی کو کریڈٹ دینے والوں کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ داؤد ابراہیم، ڈیوڈ ہیڈلی، وجے مالیا وغیرہ کی حوالگی میں ناکامی کا ذمہ دار کس کو ٹھہرایا جائے۔کانگریس کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے سربراہ پون کھیڑا نے ہفتہ کو یہاں ایک بیان میں کہا،" آج ایک ہوڑ مچی ہے کہ کسی بھی طریقے سے تہور رانا کی حوالگی کا کریڈٹ نریندر مودی اور صرف نریندر مودی کو ملے۔ جب کہ سچائی یہ ہے کہ یہ حوالگی ہماری ایجنسیوں کی 15 سال کی محنت کا نتیجہ ہے۔

تہور رانا کی حوالگی کے عمل کی کہانی سناتے ہوئے، انہوں نے کہا،آیئے کرونولوجی کو سمجھیں، اکتوبر 2009 میں ڈیوڈ ہیڈلی اور تہور رانا ڈنمارک میں دہشت گرد حملے کی سازش میں پکڑے گئے تھے۔یہ انکشاف ہوا کہ وہ ممبئی دہشت گردانہ حملے کی سازش میں بھی ملوث رہے ہیں۔ پھر یو پی اے حکومت نے ان پر متعدد دفعات لگا کر اسے دہشت گردانہ سرگرمیوں کا ملزم بنایا۔امریکہ نے اسے دہشت گردانہ حملے کی سازش سے بری کر دیا تو کانگریس کی قیادت والی یو پی اے حکومت نے عوامی سطح پر امریکی اقدام پر مایوسی کا اظہار کیا لیکن سفارتی اور قانونی کوششیں جاری رکھیں۔اس کے باوجود امریکی حکومت اس کے حوالے سے انٹیلی جنس معلومات فراہم کرتی رہی۔انہوں نے کہا،" اس دوران وزیر خارجہ سلمان خورشید اور خارجہ سکریٹری امریکی انتظامیہ کے سامنے اپنا کیس مضبوطی سے رکھتے رہے اور سال 2014 میں یو پی اے حکومت چلی گئی،لیکن ان ہی پالیسیوں کے ساتھ حکومت اس کیس کو آگے بڑھاتی رہی۔ جو دستاویزات یو پی اے حکومت کے دوران اس کیس میں اکٹھے کئے گئے تھے،انہیں آگے بڑھایا گیا اور اسی کا نتیجہ ہے کہ آج اس دہشت گرد کی حوالگی کا یہ عمل مکمل ہوا ہے، جس کی کامیابی کا کریڈٹ وزیر اعظم نریندر مودی کو دیا جا رہا ہے اور ایسا کرنے والے لوگوں کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ ڈیوڈ ہیڈلی، داؤد ابراہیم، میہول چوکسی، نیرج چودھری، وجے مالیا وغیرہ کی حوالگی نہ ہونے کا کریڈٹ کس کو دیا جائے؟انہوں نے کہا کہ ہم کریڈٹ پر یقین نہیں رکھتے لیکن جب بات ہندوستان کی سلامتی یا ہندوستان کے مفادات کی ہو تو ہم حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں۔

دریں اثنا یو پی اے حکومت کے سابق وزیر خزانہ اور کانگریس لیڈر پی چدمبرم نے تہور رانا کی حوالگی کے سلسلے میں ایک اہم بیان دیا ہے۔سابق وزیر خزانہ نے خبر رساں ایجنسی 'اے این آئی' سے بات کرتے ہوئے کہا کہ "میں نے پہلے ہی دہشت گرد تہور رانا کی ہندوستان حوالگی کا استقبال کیا ہے۔ حالانکہ اس کی حوالگی کا سلسلہ 2009 میں یو پی اے حکومت کے دوران شروع ہوا تھا۔اس کے بعد جب 2011 میں امریکی خفیہ ایجنسیوں نے تہور رانا کی شناخت کر لی تو 2011 میں ہی اس عمل میں کافی تیزی آ گئی تھی۔"

پی چدمبرم کے مطابق حوالگی کے اس عمل کو مکمل ہونے میں تقریباً 13-14 سال کا وقت لگ گیا۔ میں وزارت خارجہ،خفیہ ایجنسیوں اور این آئی اے کے افسران کو ایک طویل اور مشکل جنگ لڑنے کے بعد ممبئی حملے کے ماسٹر مائنڈ تہور رانا کو کامیابی کے ساتھ ہندوستان واپس لانے کے لیے مبارک باد دیتا ہوں۔حوالگی کے اس پورے عمل میں کئی لوگوں نے کردار ادا کیا ہے۔'بی جے پی کی جانب سے دیے گئے بیانات کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر پی چدمبرم نے کہا کہ "میں بی جے پی کے ترجمانوں کو سنجیدگی سے نہیں لیتا۔ میں وزارت خارجہ یا وزارت داخلہ کے سرکاری بیان کا انتظار کر رہا ہوں۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "میں ان نام نہاد سرکاری ترجمانوں کی سوچ کے سلسلے میں کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتا۔ کیونکہ یہاں پر اصل مسئلہ یہ ہے کہ صبر، سفارتی کوششوں اور قانونی سفارت کاری کی وجہ سے تہور رانا کو ہندوستان کو واپس لایا گیا اور میں ان تمام کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، جنہوں نے اس میں کردار ادا کیا۔"

# راہل گاندھی کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کے نوجوان سے ملاقات

## یہ ہنر مند آج بھی ناانصافی کے چکرویوہ میں پھنسے ہیں



نئی دہلی۔لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف اور کانگریس رہنما راہل گاندھی بھارت جوڑو یاترا شروع کرنے کے بعد متعدد شعبہ حیات سے وابستہ افراد سے ملاقات کرتے رہے ہیں۔اسی ضمن میں انہوں نے ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کے میدان میں کام کرنے والے ایک باہنر نوجوان وکی سے ملاقات کی۔اس ملاقات کے دوران انہوں نے وکی کے کام، اس کے چیلنجز اور ہنرمندوں کی زندگیوں کی حقیقت پر تفصیل سے بات کی۔وکی نے راہل گاندھی کو بتایا کہ اس نے کس طرح اپنے ہنر اور محنت کے سہارے ایک چھوٹے پیمانے پر کاروبار شروع کیا،جو اب ایک باقاعدہ فیکٹری کی شکل اختیار کر چکا ہے۔وکی کی فیکٹری میں کاریگر دن رات محنت کرتے ہیں،بارہ بارہ گھنٹے تک کام کرتے ہیں، اور سوئی دھاگے سے ایسا کام تخلیق کرتے ہیں جو کسی جادو سے کم نہیں۔مگر افسوس،جیسا کہ وکی نے کہا، ہنر کی یہاں کوئی قدر نہیں۔راہل گاندھی نے ملاقات کے بعد کہا،"میں نے آج تک ٹیکسٹائل ڈیزائن کے شعبے میں کسی او بی سی شخص کو ٹاپ پر نہیں دیکھا۔یہ ایک تلخ حقیقت ہے۔نہ صرف ٹیکسٹائل بلکہ دیگر صنعتوں میں بھی بہوجن طبقے کو نہ تو صحیح نمائندگی حاصل ہے،نہ تعلیم تک رسائی اور نہ ہی ان کے لیے کوئی مضبوط نیٹ ورک موجود ہے۔"انہوں نے مزید کہا،"وکی جیسے نوجوانوں سے ملنا میرے لیے سیکھنے کا موقع ہوتا ہے۔میں ان کے کام کو سمجھنا چاہتا ہوں، تاکہ دنیا کو بتایا جا سکے کہ ہندوستانی نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیت ہے لیکن وہ ایک ایسے نظام میں جکڑے ہوئے ہیں جو انہیں آگے بڑھنے نہیں دیتا۔یہ نوجوان دراصل اس ناانصافی کے چکرویوہ میں پھنسے ابھمنیو ہیں۔" راہل گاندھی نے اس ملاقات کو اپنی اس وسیع تر جدوجہد سے جوڑا جس کا مقصد سماجی انصاف،مساوی مواقع،اور باہنر نوجوانوں کو سسٹم میں جگہ دلانا ہے۔انہوں نے کہا کہ اُن کی لڑائی اس نظام کو توڑنے کی ہے جو صرف چند خاص طبقات تک مواقع محدود رکھتا ہے۔راہل گاندھی نے کہا کہ وہ صرف سیاست نہیں، بلکہ سماجی بیداری اور تبدیلی کی کوشش کر رہے ہیں۔ان کی یہ ملاقاتیں اُن ہزاروں نوجوانوں کی آواز کو بلند کرتی ہیں جنہیں سنا نہیں جاتا۔ان کا ماننا ہے کہ ہر ہنرمند کو اس کے حق کا موقع ملنا چاہیے،اور یہی اُن کی سیاست کا اصل مقصد ہے۔

اس کی فیکٹری کے کاریگر دن میں 12 گھنٹے محنت کرتے ہیں،سوئی اور دھاگے سے جادو بنتے ہیں۔لیکن صورت حال جوں کی توں ہے۔بہوجن کی نہ تو نمائندگی ہے، نہ تعلیم تک رسائی اور نہ ہی نیٹ ورک میں کوئی جگہ۔مسٹر گاندھی نے کہا،" میں وکی جیسے باصلاحیت لوگوں سے ملکر ان کے کام کو سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ دنیا ہندوستانی نوجوانوں کی حقیقی صلاحیتوں کو دیکھ سکے کہ قابل اور محنتی ہونے کے باوجود یہ نوجوان ابھمنیو ہیں جو نظر اندازی اور ناانصافی کے چکرویوہ میں پھنسے ہوئے ہیں۔میری لڑائی اس چکرویوہ کو توڑنے کی ہے تاکہ ہر باصلاحیت شخص کو نظام میں داخل ہونے کا راستہ مل سکے۔

# یوتھ کانگریس کا پٹرول، ڈیزل اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ




نئی دہلی: یوتھ کانگریس نے ہفتہ کو راجدھانی دہلی میں پٹرول، ڈیزل اور کھانا پکانے والی گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔مظاہرین نے حکومت سے سوال کیا کہ جب بین الاقوامی بازار میں قیمتیں گر رہی ہیں تو پھر ملک کے عوام کو کیوں لوٹا جا رہا ہے۔یوتھ کانگریس کے صدر اودے بھانو چب نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ ملک کے 100 کروڑ لوگ مالی بحران کا شکار ہیں اور حالات مزید خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ عوام چاہے دکھی زندگی گزاریں یا مہنگائی سے مر جائیں، وزیر اعظم نریندر مودی کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ان کے لیے صرف یہ اہم ہے کہ ان کے دوستوں کی تجوریاں بھری رہیں۔ادے بھانو چب نے کہا کہ مہنگائی کا چابک اجولا یوجنا کی گھریلو خواتین پر بھی چلا ہے اور گیس سلنڈر میں 50 روپے کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔انہوں نے مودی حکومت پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے اس شدید دور میں عوام کو مزید پریشانیوں میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔

دہلی یوتھ کانگریس کے صدر اکشے لاکڑا نے اس دوران کہا کہ پی ایم مودی کی پالیسی میں اپنے ہی عوام کو اذیت دینا اور دوسروں پر رحم کرنا ہے۔اکشے لاکڑا نے کہا کہ جب بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں گر رہی ہیں، تب بھی مودی سرکار نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ خام تیل کی قیمت میں 41 فیصد کمی ہوئی ہے،مگر مودی حکومت نے اس کا فائدہ عوام کو نہیں دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل 35 روپے فی لیٹر فروخت ہو رہا ہے اور یہ گزشتہ چار برسوں میں خام تیل کی قیمتوں میں آئی سب سے بڑی گراوٹ ہے،مگر مودی سرکار اس سستے تیل کا ایک ذرہ بھر بھی عوام کو فائدہ نہیں پہنچا رہی۔اکشے لاکڑا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کھانا پکانے والی گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو فوری طور پر واپس لیا جائے اور عوام کو اس مہنگائی سے راحت دی جائے۔ بصورت دیگر یوتھ کانگریس سڑک سے پارلیمنٹ تک اپنا احتجاج جاری رکھے گی۔

# چھترپتی شیواجی مہاراج ملک اور دنیا کے لیے باعث تحریک: امت شاہ



پونے۔(یو این آئی) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ہفتہ کے روز کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر کے لیے باعث تحریک ہیں۔انہوں نے یہ بات چھترپتی شیواجی مہاراج کی 345 ویں برسی کے موقع پر رائے گڑھ میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ وہ اسٹیج پر موجود تمام افراد کا خیر مقدم کرتے ہیں، جن میں وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار، ادین راجے بھوسلے اور آشیش شیلار شامل ہیں۔ انہوں نے راج ماتا جیجاؤ کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نہ صرف شیواجی مہاراج کو جنم دیا بلکہ ان کے ذہن میں سوراجیہ کا بیج بھی بویا۔شاہ کے مطابق راج ماتا جیجاؤ ہی وہ عظیم ہستی ہیں جنہوں نے ہندوی سوراجیہ کی بنیاد رکھی۔امت شاہ نے کہا کہ جب وہ اس جگہ پہنچے جہاں چھترپتی شیواجی مہاراج کا سونے کا تخت تھا اور انہیں سلام پیش کیا،تو ان کے دل میں جو جذبات ابھرے وہ الفاظ میں بیان نہیں کیے جا سکتے۔انہوں نے کہا کہ مہاراج نے اپنی پوری زندگی سوراجیہ اور سودھرم کے لیے وقف کر دی اور مہاراشٹر کو، جو اس وقت عادل شاہی اور نظام شاہی کے تسلط میں تھا، ہندوی سوراجیہ میں تبدیل کرنے کا عظیم کام انجام دیا۔اس کے بعد مرہٹہ جنگجوؤں نے بغیر گرفتار ہوئے اپنی فتوحات کے جھنڈے گاڑ دیے۔

انہوں نے کہا کہ جب چھترپتی شیواجی مہاراج کی پیدائش ہوئی، اُس وقت مہاراشٹر تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔لوگ سوراجیہ اور سودھرم کے بارے میں بات کرنا بھی جرم سمجھتے تھے۔لیکن شیواجی مہاراج نے نہ صرف سوراجیہ قائم کرنے کا عزم کیا بلکہ زعفرانی پرچم کو بھی سربلند کیا۔مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ انہوں نے آج تک کئی عظیم شخصیات کی سوانح عمریاں پڑھی ہیں لیکن کسی میں بھی چھترپتی شیواجی مہاراج جیسی ہمت نہیں دیکھی۔انہوں نے کہا کہ وہ اپنے آپ کو خوش نصیب سمجھتے ہیں کہ انہیں مہاراج کی برسی کے موقع پر منعقدہ اس پروگرام میں مدعو کیا گیا۔مسٹر شاہ نے مزید کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج کے پاس دولت نہیں تھی، نہ ہی ان کے پاس ماضی کی پشت پناہی تھی، اور نہ ہی مستقبل کا کوئی واضح نقشہ۔لیکن انہوں نے صرف سوراجیہ کے تصور سے ایک سلطنت قائم کی اور 100 سال سے جاری مغلیہ سلطنت کو آہستہ آہستہ زوال پذیر کر دیا۔انہوں نے کہا کہ جب شیواجی مہاراج کے پیروکار گرفتاری کے مقام پر پہنچے، جب وہ تمل ناڈو اور بنگال تک گئے،تو لوگوں نے سکون کی سانس لیتے ہوئے کہا کہ اب ہماری سرزمین اور ہماری ثقافت بچ گئی ہے۔انہوں نے ملک کے عوام سے اپیل کی کہ وہ یہ عہد کریں کہ جب ملک آزادی کے 100 سال مکمل کرے گا تو وہ تمام میدانوں میں نمبر 1 ہوگا۔شاہ نے کہا کہ یہ وہی خیالات تھے جن کی بنیاد چھترپتی شیواجی مہاراج نے رکھی۔راج ماتا جیجاؤ نے ان کے دل میں سوراجیہ کا بیج بویا، جو بعد میں تناور درخت بن گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج، چھترپتی سنبھاجی مہاراج، راجارام مہاراج، تارارانی، سانتاجی اور دھانجی جیسے عظیم مجاہدین کے بعد جب اورنگ زیب آیا،تو سبھی نے اس کے خلاف لڑائی لڑی اور ان کے مقبرے یہاں قائم ہوئے۔

# کیا دہلی کی حکومت وزیر اعلیٰ کے شوہر چلا رہے ہیں؟ عام آدمی پارٹی کا سنگین الزام




نئی دہلی: عام آدمی پارٹی (عآپ) نے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا اور ان کے شوہر منیش گپتا کو لے کر سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔عآپ کی سینئر لیڈر آتشی نے دعویٰ کیا کہ دہلی کی باگ ڈور دراصل وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کے بجائے ان کے شوہر منیش گپتا کے ہاتھ میں ہے، جو آئینی اور جمہوری نظام کے لیے باعث تشویش ہے۔آتشی نے ایک پریس کانفرنس میں ایک تصویر دکھاتے ہوئے کہا،" یہ تصویر بہت کچھ کہتی ہے۔اس میں صاف دیکھا جا سکتا ہے کہ منیش گپتا دہلی کے اہم سرکاری محکموں جیسے ایم سی ڈی، ڈی جے بی، پی ڈبلیو ڈی اور ڈی یو ایس آئی بی کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔سوال یہ ہے کہ وہ کس اختیار کے تحت ان محکموں کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں؟انہوں نے مزید کہا کہ یہ منظر دہائیوں پرانی اس روایت کی یاد دلاتا ہے جب گاؤں کی سطح پر خواتین سرپنچ تو منتخب ہوتی تھیں لیکن اصل اختیار ان کے شوہروں کے پاس ہوتا تھا، جنہیں سرپنچ۔پتی کہا جاتا تھا۔آتشی نے کہا، ہم نے ان روایتوں کے خلاف جدوجہد کی، خواتین کو تربیت دی تاکہ وہ خود اپنی ذمہ داری نبھا سکیں لیکن آج دہلی جیسے جدید شہر میں ہم وہی پرانا ماڈل وزیر اعلیٰ کے عہدے پر دیکھ رہے ہیں۔عام آدمی پارٹی نے سوال اٹھایا کہ اگر ریکھا گپتا حکومت چلانے میں اہل نہیں تو پھر انہیں وزیر اعلیٰ کیوں بنایا گیا؟ کیا یہی وجہ ہے کہ دہلی میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر رہا ہے اور شہریوں کو طویل پاور کٹ کا سامنا ہے؟ کیا اسی وجہ سے نجی اسکول فیس میں منمانی اضافہ کر رہے ہیں اور تعلیمی نظام زوال کا شکار ہے؟ آتشی نے کہا،"ایک جمہوری نظام میں اگر ایک منتخب خاتون وزیر اعلیٰ کی جگہ ان کے شوہر فیصلہ سازی کر رہے ہیں تو یہ نہ صرف آئین کی خلاف ورزی ہے بلکہ عوامی اعتماد کی توہین بھی ہے۔"عآپ نے اس معاملے پر نائب گورنر اور صدر جمہوریہ سے مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس پورے معاملے کی تفصیلی جانچ کی جائے۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ دہلی کے عوام نے اپنا ووٹ ریکھا گپتا کو دیا ہے،ان کے شوہر کو نہیں۔اس لیے منیش گپتا کی سرکاری معاملات میں مداخلت ناقابل قبول ہے۔

# اتر پردیش میں احتجاج کریں۔بنگال حکومت وقف قوانین کی حمایت نہیں کرتی: فرہاد حکیم

کلکتہ۔(یو این آئی) ممتا بنرجی کے کابینہ وزیر فرہاد حکیم نے آج متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ بنگال میں ترنمول کانگریس اقتدار میں نہیں آنے کی صورت میں وقف ایکٹ نافذ ہو جائے گا۔مرکزی مداخلت بھی بڑھے گی۔اس طرح کے خدشات کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے تشدد زدہ علاقوں میں امن بحال کرنے کی اپیل کی۔ریاستی وزیر اور کلکتہ کے میئر فرہاد حکیم ہفتہ اسمبلی میں مرحوم سیاستدان رزاق مولا کو خراج عقیدت پیش کرنے آئے تھے۔وہاں ایک سوال کے جواب میں فرہاد نے کہا کہ اگر ترنمول نہیں ہے تو وقف موثر ہو جائے گا۔اور اگر آپ بدامنی پھیلاتے ہیں تو مرکزی حکومت مداخلت کرے گی۔ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں چاہتا۔اور وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ وقف ایکٹ کو نافذ نہیں کیا جائے گا۔تو یہاں احتجاج کرنے کا کیا فائدہ؟" انہوں نے مزید کہا کہ بنگال فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی سرزمین ہے۔" یہاں کوئی بھی گولیاں نہیں چلاتا، اور بلڈوزر کی سیاست نہیں ہوتی ہے۔یہاں ادھر ادھر کودنا بی جے پی کے اکسانے کے برابر ہے۔جو لوگ بدامنی پھیلا رہے ہیں وہ دراصل بی جے پی کے ہاتھ مضبوط کر رہے ہیں۔کلکتہ کے میئر نے خبردار کیا کہ یوگی کی ریاست میں جا کر احتجاج کریں۔اگر ہم یہاں احتجاج کریں گے تو کیا ہوگا؟ مغربی بنگال میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی ہے۔ہم سب یہاں امن سے رہتے ہیں۔یہاں کسی کو نقصان پہنچانے کا کوئی فائدہ نہیں۔یہاں سڑکوں پر نکل کر کسی کو نقصان پہنچانے کا مطلب ہے بی جے پی کے ووٹوں میں اضافہ۔سڑکوں پر نہ نکلیں اور غنڈے نہ بنیں۔

# بی جے پی تمل ناڈو حکومت کے خلاف مرکزی ایجنسیوں کا غلط استعمال کر رہی ہے: ڈی ایم کے



چنئی۔(یو این آئی) تمل ناڈو میں حکمراں دراوڑ منیترا کزگم (ڈی ایم کے) نے ہفتہ کے روز مرکز کی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) حکومت پر حزب اختلاف کی جماعتوں،اپوزیشن کی ریاستی حکومتوں اور غیر بی جے پی حکومت والی ریاستوں کے سیاسی لیڈروں کو نشانہ بنانے کے لیے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) اور سی بی آئی جیسی مرکزی ایجنسیوں کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔راجیہ سبھا کے ایم پی اور ڈی ایم کے لیگل سیل کے سکریٹری این آر ایلنگو نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ ای ڈی نے بینک قرض اور سود کی ادائیگی سے متعلق موجودہ صورتحال کے درمیان قانونی بنیادوں کے فقدان والا مقدمہ درج کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی ایجنسیوں بشمول ای ڈی کا بی جے پی کی سیاسی سازش کے حصہ کے طور پر اپوزیشن جماعتوں،ریاستی حکومتوں اور سیاسی قائدین کو نشانہ بنانے کے لئے غلط استعمال کیا جا رہا ہے۔پرائیویٹ کمپنی کے ذریعہ لئے گئے بینک قرض کی تحقیقات کا ذکر کرتے ہوئے،انہوں نے کہا کہ اسے غلط طریقے سے تمل ناڈو حکومت اور اس کے عہدیداروں کے ملوث ہونے کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ای ڈی نے گمراہ کن اور غیر مصدقہ اطلاعات پھیلائی ہیں۔مسٹر ایلنگو نے کہا کہ چنئی میں ای ڈی کی حالیہ کارروائی نجی کمپنی کے بینک قرض سے متعلق تھی۔انہوں نے کہا کہ کمپنی قرض اور سود کی باقاعدگی سے ادائیگی کر رہی ہے اور اس میں کوئی قانونی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ مدراس ہائی کورٹ پہلے ہی فیصلہ دے چکا ہے کہ اس کیس میں وزراء کو ملوث کرنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات گزشتہ عدالتی حکم میں واضح طور پر کہی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ای ڈی کے الزامات مناسب ثبوت یا قانونی شواہد کے بغیر بے بنیاد ہیں اور ان کا مقصد غلط معلومات پھیلانا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومتی انتظامیہ کے اندر غیر قانونی مالیاتی لین دین کے دعووں کی کوئی مصدقہ بنیاد نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ای ڈی نے ایسے مفروضوں کی بنیاد پر غلط طریقے سے گرفتاریاں شروع کی ہیں۔

# کالی کٹ مرکز میں نئے تعلیمی سیشن کا شاندار افتتاح

## بہترین طالب کی پہچان صرف تعلیمی بلندی نہیں بلکہ اخلاقی اور سماجی اعتبار سے بھی نمایاں ہونا ضروری ہے: شیخ ابوبکر احمد




کالی کٹ۔ملک کی عظیم الشان دینی وعصری اسلامی یونیورسٹی جامعہ مرکز الثقافۃ السنیہ کے مختلف شعبہ جات کے نئے تعلیمی سیشن کا آغاز یہاں "البسملۃ" عنوان سے منعقدہ افتتاحیہ اجلاس میں بزبان فیض ترجمان جامعہ کے روح رواں شیخ ابوبکر احمد نے اپنے دعائیہ کلمات اور ناصحانہ خطاب سے کیا۔اس موقع پر شیخ ابوبکر احمد نے طلبہ سے مخاطب ہو کر کہا کہ طلبہ کامیاب مستقبل کے تئیں محنت و لگن سے اپنے مقصد پر دھیان دیں، شیخ ابوبکر احمد نے کہا کہ ایک بہترین اور مثالی طالب علم ہونے کیلئے تعلیم کے معاملہ میں نہایت مخلص، سنجیدہ اور محنتی ہونا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ اچھے طالب علم کی پہچان صرف تعلیمی بلندی نہیں بلکہ اخلاقی اور سماجی اعتبار سے بھی نمایاں ہونا چاہئے۔شیخ نے محنت و لگن سے حصول تعلیم کی تلقین کی۔تقریب میں کالج آف شریعہ،کالج آف دعوۃ،اسلامک ہائی اسکول،اور یونیورسٹیز سے منسلک دیگر تعلیمی اداروں اور مرکز سے ملحق تمام کالجوں اور اسکولوں میں کلاسز کے آغاز تعلیم کا اعلان کیا گیا۔استقبالیہ خطاب مولانا سی محمد فیضی مرکز جنرل ڈائریکٹر نے پیش کیا۔اس موقع پر اراکین واساتذہ کثیر تعداد میں شریک رہے۔واضح رہے کہ جامعہ کے ماتحت تعلیمی سیشن ۲۰۲۵-۲۶ کا آغاز تعلیم شاندار طریقہ سے ہوا۔جس میں مختلف شعبہ جات کے درجات کیلئے آغاز درس تھا۔شیخ ابوبکر احمد نے طلبہ کو بسم اللہ خوانی کر کے آغاز تعلیم کیا اس طرح سے مختلف شعبہ جات کے کلاسز کا آغاز تعلیم ہوا۔

# سکھبیر سنگھ بادل دوبارہ شرومنی اکالی دل کے صدر منتخب، پانچ ماہ بعد واپسی



چنڈی گڑھ: سکھبیر سنگھ بادل کو شرومنی اکالی دل کا صدر دوبارہ منتخب کر لیا گیا ہے۔ یہ انتخاب امرتسر میں گولڈن ٹیمپل کمپلیکس کے اندر واقع تیجا سنگھ سمندری ہال میں ہفتہ کے روز منعقد پارٹی کے تنظیمی انتخابات کے دوران متفقہ طور پر عمل میں آیا۔قائم مقام صدر بلوندر سنگھ بھونڈر نے ان کے نام کی تجویز دی جسے پارٹی کے 524 نمائندوں نے اتفاق رائے سے قبول کیا۔سکھبیر سنگھ بادل نے پہلی مرتبہ 2008 میں اپنے والد پرکاش سنگھ بادل کے بعد صدر کا عہدہ سنبھالا تھا اور 2024 تک پارٹی کی قیادت کرتے رہے۔تاہم،گزشتہ سال مذہبی سزا کے باعث انہوں نے 16 نومبر 2024 کو استعفیٰ دے دیا تھا،جب اکال تخت نے انہیں تنکھا یعنی قصوروار قرار دیا تھا۔اکال تخت کے جتھیدار گیانی رگھبیر سنگھ کی جانب سے 2 دسمبر 2024 کو جاری ہدایت میں کہا گیا تھا کہ سکھبیر بادل اور اس وقت کی قیادت شرومنی اکالی دل کی سربراہی کے لیے نااہل ہیں۔اس کے بعد شرومنی گردوارہ پربندھک کمیٹی نے جتھیدار کو برطرف کر کے ان کی جگہ جتھیدار کلدیپ سنگھ گرگج کو مقرر کیا۔مذہبی سزا کے دوران گولڈن ٹیمپل میں موجود سکھبیر سنگھ بادل پر ایک قاتلانہ حملے کی کوشش بھی ہوئی،تاہم وہ محفوظ رہے۔اکالی دل کے ترجمان دلجیت سنگھ چیمہ کے مطابق سکھبیر اور دیگر قائدین نے اکال تخت کے احکامات کے تحت اپنی سزا پوری کر لی ہے،جس کے بعد وہ مذہبی طور پر پاک ہو گئے ہیں۔پارٹی کے ایک سینئر رہنما نے کہا کہ سکھبیر بادل نے مشکل وقت میں بھی قیادت کا مظاہرہ کیا اور ان پر تنقید کرنے والے خود غرضی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ایک اور رہنما نے کہا کہ سکھبیر نے پنتھ کے سامنے پیش ہو کر اپنی مذہبی ذمہ داری پوری کی اور اب وہ پارٹی کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تیار ہیں۔

